**AQF / Shabbir**

**05-08-2024**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 وزیراعظم نریندر مودی نے ملک میں گیس کی ریکارڈ پیداوار کو سراہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک ترقی یافتہ بھارت کے عزم کو پورا کرنے کیلئے، توانائی کے شعبے میں خود کفالت بہت ضروری ہے۔

.2 ہریانہ سرکار سبھی فصلوں کو، کم سے کم امدادی قیمت کے تحت لائے گی۔ اُس نے ایک ارب 33 کروڑ روپے کے، نہر کے پانی سے سینچائی کرنے کے بقایاجات کو معاف کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔

.3 صدرجمہوریہ دروپدی مرمو تین ملکوں فجی، نیوزیلینڈ اور تمورلیستے کے دورے پر روانہ ہوگئی ہیں۔

.4 بھارت نے اپنے شہریوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ تازہ جھڑپوں کے سبب بنگلہ دیش کا سفر نہ کریں۔

.5 نیپال کے وزیراعظم کے پی شرما اولی نے بھارت کے ساتھ رابطوں میں اضافے کیلئے آبی گزرگاہوں اور ریلویز کو توسیع دینے کیلئے کہا ہے۔

.6 اور : بھارتی بیڈمنٹن کھلاڑی لکشیہ سین، آج پیرس اولمپکس میں کانسے کے تمغے کیلئے اپنے کھیل کا مظاہرہ کریں گے۔×

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**PM-GAS PRODUCTION**

وزیراعظم نریندر مودی نے ملک میں گیس کی ریکارڈ پیداوار کو سراہا ہے اور کہا ہے کہ ایک ترقی یافتہ بھارت کے عزم کو پورا کرنے کیلئے، توانائی کے شعبے میں خود کفالت بہت اہم ہے۔ انہوں نے یہ رائے زنی، پیٹرولیم کے وزیر ہردیپ سنگھ پوری کی ایک پوسٹ کے جواب میں کی۔

پوسٹ میں کہا گیا ہے کہ ملک نے گیس کی پیداوار کے سلسلے میں ایک نیا ریکارڈ قائم کیا ہے۔ 2020-21 میں گیس کی پیداوار 28 اعشاریہ سات BCM تھی، جو بڑھ کر 2023-24 میں 36 اعشاریہ چار تین BCM ہوگئی۔ مرکزی وزیر نے، یہ

جو اعداد وشمار بتائے ہیں، اِن سے پتہ چلتا ہے کہ 2026 میں گیس کی پیداوار 45 اعشاریہ تین BCM ہوجائے گی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے اس کامیابی پر ملک کے عوام کو مبارک باد دی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ گیس کی پیدوار میں یہ ریکارڈ اس سمت ہمارے عزم کا ایک براہ راست ثبوت ہے۔×

## CDS CONFERENCE

دفاعی فوج کے سربراہ جنرل انل چوہان آج نئی دلّی میں فوج کی تینوں شاخوں کی، اعلیٰ سطح کی مالی معاملات سے متعلق ایک کانفرنس کی صدارت کریں گے۔ کانفرنس کا مقصد، مسلح فوجوں کے مالی معاملات میں ہم آہنگی میں اضافہ کرنا ہے اور اس میں وزارتِ دفاع کے سینئر افسران، دفاع سے متعلق کھاتوں کے کنٹرول جنرل اور دیگر شخصیتیں شرکت کریں گی۔ کانفرنس کا رابطہ کار، مربوط عملے کا صدر دفتر ہے۔ یہ کانفرنس مسلح فوجوں کو مربوط بنانے کیلئے جاری مہم کے مقاصد کے تحت منعقد کی جارہی ہے۔

کانفرنس کے دوران دفاع سے متعلق مالیات اور دفاعی سازوسامان خریدنے میں درپیش چیلنجوں سے نمٹنے کے طور طریقے تلاش کرنے والے مختلف طریقوں کے نظریات کو سمجھنے کیلئے تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔ دفاعی فوجوں کے مالی مشیر اور دفاعی سازوسامان کی خریداری کے ڈائریکٹر جنرل بھی، خریداری کے عمل کو تیزرفتار بنانے میں، اُن کی تنظیموں کے رول اور ابھی تک کئے گئے اقدامات پر خصوصی تقریر کریں گے۔x

## PARLIAMENT TODAY

آج لوک سبھا میں 2023-24 کیلئے، صحت اور خاندانی بہبود کی وزارت کے مطالبات زَر پر مزید بحث ومباحثہ کیا جائے گا۔ امید ہے کہ ایوان میں 2024 کا، وہ بل بھی پیش کیا جائے گا، جس میں گوا ریاست کے اسمبلی حلقوں میں، درج فہرست قبائلی کی نمائندگی کو تازہ شکل دی گئی ہے۔

راجیہ سبھا میں تیل کے کنوؤں سے متعلق ضابطے اور ترقی کا ترمیمی بل 2024 پیش کیا جائے گا۔ ایوان میں زراعت کی وزارت کے کام کاج پر بھی بحث مباحثہ ہوگا۔×

## HARYANA-MSP

ہریانہ کے وزیراعلیٰ نایاب سنگھ سینی نے ریاست میں سبھی فصلوں کی، کم سے کم امدادی قیمت MSP پر خریداری کا اعلان کیا ہے۔ کروکشیتر میں BJP کی وِجے شنکھ ناد ریلی سے خطاب کرتے ہوئے، جناب سینی نے کہا کہ ریاستی سرکار، MSP پر فی الحال 14 فصلوں کی خریداری کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی سرکار نے، نہر کے پانی سے کی جانے والی سینچائی کے بقایا جات کو معاف کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔ اِن چارجز کو Abiana کے نام سے جانا جاتا ہے اور یہ ایک اَرب 33

کروڑ روپے کے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ BJP سرکار نے، Abiana نظام کو ختم کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے، جس سے کسانوں کو 54 کروڑ روپے سالانہ کا فائدہ ہوگا۔

جناب سینی نے یہ اعلان بھی کیا کہ اُن کسانوں کو ایک ہفتے کے اندر اندر ایک اَرب 37 کروڑ روپے کے، زیر التوا معاوضے کی رقم بھی ادا کردی جائے گی، جن کی فصل کو روہتک، نوح، فتح آباد اور سرسا میں قدرتی آفت کی وجہ سے نقصان پہنچا تھا۔ یہ رقم کسانوں کے کھاتوں میں بھیج دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اب کسانوں کو، ٹیوب ویل کے نئے کنکشن کیلئے ملک میں کہیں بھی، تھری اسٹار موٹر خریدنے کی اجازت ہوگی۔ فی الحال ریاست میں تھری اسٹار موٹرس کی محض 10 کمپنیوں کا اندراج ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ سرکاری شعبے میں 40 ہزار اسامیوں کو پُر کیا جائے گا۔×

## WAYANAD LINDSLIDE

کیرالہ میں وائناڈ میں زمینی تودے کھسکنے کے حادثے کا شکار لوگوں کی لاشیں تلاش کرنے کے کام کا آج ساتواں دن ہے۔ حکام اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کوئی کسر باقی نہیں رکھ رہے ہیں کہ لاشیں خطے میں یا مَلپ پورم ضلع کے نچلے علاقوں میں دبی نہ رہ گئی ہوں۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Raj Mohan**

*مزید لاشوں کی تلاش کا کام جاری ہے۔ یہاں 100 سے زیادہ افراد کے اب بھی لا پتہ ہونے کی خبر ہے۔ حکام نے کل ڈرون کی مدد والے نظام کا استعمال کرتے ہوئے لاشوں کی تلاش کا کام کیا۔ خطے میں زمینی تودے کھسکنے سے پہلے حالات اور بعد کی تبدیلیوں کا جائزہ لینے کام کیا جارہا ہے۔ مزید فوجی عملہ اور چار خصوصی تربیت یافتہ کتوں کو ہوائی جہاز کے ذریعہ تلاش کے کام کیلئے لے جایا گیا۔ 67 غیر شناخت شدہ لاشوں کو Meppady میں رکھا گیا ہے، جن میں سے 8 کی آخری رسوم کل رات ادا کردی گئیں۔ بقیہ لاشیں اس امید میں رکھی ہوئی ہیں کہ ان کے رشتہ دار، ان کی شناخت کرلیں گے۔*

*کوچی سے راج موہن کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ......*

## PREZ VISIT

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو تین ملکوں، فجی، نیو زیلینڈ اور تمورلیستے کے دورے پر روانہ ہوگئی ہیں۔ وہ اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں آج سے 7 اگست تک فجی کا دورہ کریں گی۔ وزارت خارجہ نے بتایا کہ اس دورے سے دونوں ملکوں کے درمیان تاریخی رشتوں کو مزید بڑھاوا ملے گا۔ اپنے دورے میں صدر مرمو فجی کے صدر Katonivere اور وزیراعظم Sitiveni

Rabuka سے دو طرفہ ملاقاتیں کریں گی۔ صدر مرمو، فجی کی پارلیمنٹ سے خطاب کریں گی اور وہاں آباد بھارت نژاد افراد سے بات چیت کریں گی۔ بھارت، فجی کا ایک مضبوط ترقیاتی شراکت دار رہا ہے۔

صدر مرمو اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں 8 اور 9 اگست کو نیو زیلینڈ جائیں گی۔ وہ گورنر جنرل Cindy Kiro سے دو طرفہ ملاقات کریں گی اور وزیراعظم Christopher Luxon سے بھی ملیں گی۔ صدر جمہوریہ، ویلنگٹن میں تعلیم سے متعلق ایک بین الاقوامی کانفرنس اور آکلینڈ میں بھارتی باشندوں سے خطاب کریں گی۔ اپنے دورے کے تیسرے مرحلے میں صدر مرمو 10 اگست کو Timor-Leste جائیں گی اور صدر Jose Ramos Horta سے دوطرفہ ملاقات کریں گی۔ تمورلیستے کے وزیراعظم Kay Rala Xanana Gusmao، صدر مرمو سے ملاقات کریں گے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V-C Sri Sai -Prez Visit

*صدر جمہوریہ ہند کا FIJI اور Timor Leste کا یہ پہلا دورہ ہے۔ایک ہفتے کے دورے میں، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو ان ملکوں کے ساتھ بھارت کے تعلقات کو مستحکم کرنے اور انھیں وسعت دینے کی خاطر باہمی بات چیت کریں گی۔ اِس کے علاوہ ان تین ملکوں میں بھارتی برادری کے ساتھ بات چیت بھی اس دورے کا ایک اہم حصہ ہوگا۔اس دورے سے ان ملکوں کے ساتھ بھارت کے تاریخی تعلقات مزید مضبوط ہوں گے اور بھارت کی مشرق نواز پالیسی کا اعادہ ہوگا۔*

*سری سائی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں......*

**<u>BREAK</u>**

<u>یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔</u>

**<u>GONG</u>**

**<u>NEPAL CONNECTIVITY</u>**

نیپال کے وزیراعظم کے پی شرما اولی نے ملک کی آبی گزرگاہوں اور ریلویز کو فروغ دینے کیلئے کہا ہے، تاکہ بھارت کے ساتھ رابطوں میں اضافہ کیا جاسکے۔ بنیادی ڈھانچے اور ٹرانسپورٹ کی وزارت کے تحت سڑک کے محکمے کی، سالانہ پیش رفت کی ایک جائزہ میٹنگ میں، جناب اولی نے افسر شاہوں کو ہدایت دی کہ وہ بھارتی سرحد کے قریب، ہنومان نگر سے تریوینی اور دیو گھاٹ تک، اسٹیمر خدمات شروع کرنے کیلئے ایک منصوبہ تیار کریں۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ نیپال میں اسٹیمر خدمات کی اجازت کا قانون 1970 سے موجود ہے، لیکن اس بنیادی ڈھانچے کو استعمال نہیں کیا گیا ہے، جو افسوس کی بات ہے۔

اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ اشیاء اور لوگوں کو لانے لے جانے کیلئے آبی گزر گاہوں کے ذریعہ نقل وحمل، ایک کم خرچ وسیلہ ہے، جناب اولی نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ جلد ہی ملک میں اسٹیمرز چلانے کا ایک منصوبہ تیار کریں۔

آبی گزرگاہوں کے علاوہ جناب اولی نے اس ضرورت پر بھی زور دیا کہ نیپال کی ریلوے خدمات کو توسیع دی جائے۔ انہوں نے موجودہ جنک پور- کُرتھا ریلوے لائن سے دو مزید ریلوے لائنوں کو جوڑنے کیلئے کہا۔ جناب اولی نے نیپال میں ایک مشرق-مغرب ریلوے لائن کی تعمیر کی بھی تجویز پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ اس ریلوے لائن سے، اُن بھارتی شہریوں کو بھی فائدہ ہوگا، جو نیپال کے راستے، گوہاٹی سے دلّی اور سلی گوڑی سے ہریدوار کا سفر کرتے ہیں۔×

## BANGLADESH CLASHES

بنگلہ دیش میں جاری عدم تعاون تحریک کے دوران 13 پولیس اہلکاروں سمیت تقریباً 90 افراد ہلاک اور بہت سے زخمی ہوگئے۔ یہ جانی نقصان پورے ملک میں مظاہرین، قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کے ارکان اور برسراقتدار پارٹی کی حمایت یافتہ تنظیموں کے ارکان کے مابین پُرتشدد جھڑپوں میں ہوا ہے۔ تفریق برتے جانے کی روک تھام کرنے والی طلباء تحریک کے منتظمین نے، جنہوں نے ریزرویشن میں اصلاحات پر مظاہروں کی قیادت کی، کُل ایک ملک گیر عدم تعاون تحریک شروع کی ہے۔ یہ تحریک حالیہ ہلاکتوں کے احتجاج میں شروع کی گئی ہے اور اس میں محض ایک ہی مطالبہ ہے اور وہ حکومت کا استعفیٰ۔ حکومت نے کل ڈھاکہ اور ملک کے کچھ دیگر حصوں میں غیر معینہ مدت کیلئے کرفیو لاگو کردیا تھا۔

اسی دوران مظاہرہ کرنے والے طلباء نے آج ڈھاکہ کی طرف طویل مارچ کا اعلان کیا ہے، جس میں بنگلہ دیش میں ہر طبقے کے لوگوں سے زور دے کر کہا گیا ہے کہ وہ ڈھاکہ آئیں اور سڑکوں پر جمع ہوں۔ نیز وزیراعظم شیخ حسینہ کی قیادت والی حکومت کے استعفے کا مطالبہ کریں۔ حکومت نے آج، کل اور بدھ کے روز کیلئے تین روز کی سرکاری چھٹی کا اعلان کیا، تاکہ ملک بھر میں جاری پرتشدد مظاہروں کے دوران لوگوں کی حفاظت کو یقینی بنایا جاسکے۔

اسی دوران بنگلہ دیش کی وزیراعظم شیخ حسینہ نے اپنی رہائش گاہ Ganubhaban پر حفاظتی امور کی قومی کمیٹی کی ایک میٹنگ منعقد کی۔ وزراء، ریاستی وزراء وزیراعظم کے سلامتی کے مشیر، سکریٹریز، فوج، بحریہ اور فضائیہ کے سربراہان، بنگلہ دیش کے سرحدی محافظ BGB، پولیس، ساحلی گارڈ اس میٹنگ میں موجود تھے۔×

## MEA BANGLADESH ADVISORY

خارجی امور کی وزارت نے بھارتی باشندوں کو سختی کے ساتھ مشورہ دیا ہے کہ وہ پڑوسی ملک بنگلہ دیش میں جاری حالات کے تناظر میں اگلے نوٹس تک اُس ملک کا سفر نہ کریں۔ وزارت نے اپنی ایڈوائزری میں بنگلہ دیش میں موجود سبھی بھارتی باشندوں سے بہت احتیاط برتنے اور اپنے نقل و حمل کو محدود کرنے پر زور دیا ہے۔ اُن سبھی سے کہا گیا ہے کہ وہ اپنے ایمرجنسی فون نمبروں کے ذریعے ڈھاکہ میں بھارتی ہائی کمیشن کے رابطے میں رہیں۔

ٹیلیفون نمبر اس طرح ہیں:

– پلَس : آٹھ آٹھ / صفر ایک / نو پانچ / آٹھ تین /
آٹھ تین / چھ سات نو
– پلَس : آٹھ آٹھ / صفر ایک / نو پانچ / آٹھ تین /
آٹھ تین / چھ آٹھ صفر -x

## OLYMPICS POSTAGE STAMPS

مرکزی حکومت نے اعلان کیا ہے کہ وہ پیرس اولمپکس 2024 منانے کے لیے یادگاری ڈاک ٹِکٹس کا ایک سیٹ جاری کرے گی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاک کے محکمے نے کہا ہے کہ یہ ڈاک ٹکٹس آج دن میں 12 بجے جاری کئے جائیں گے۔مواصلات کے مرکزی وزیر جیوتر آدتیہ سندھیا اور نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویہ اس پروگرام میں شرکت کریں گے۔

مواصلات کی وزارت نے کہا ہے کہ ڈاکٹ ٹکٹ جاری کئے جانے سے اولپکس اور اس کے ایتھلیٹس کے تیئں بھارت کے جوش اور حمایت کی عکاسی ہوگی۔ حکومت نے مزید زور دے کر کہا ہے کہ یہ پہل نہ صرف اولمپکس منانے کے لیے ہے بلکہ اس کا مقصد ملک بھر کے نوجوان ایتھلیٹس اور کھیلوں کے شائقین کو تحریک دینا بھی ہے۔x

## PARIS OLYMPICS

اوراب کچھ خبریں پیرس اولپکس سے:

بھارتی ایتھلیٹس نے مختلف مقابلوں میں تمغے حاصل کرتے ہوئے اپنی کارکردگی کا سلسلہ برقرار رکھا ہوا ہے، کچھ کھلاڑی کامیابی سے ہمکنار ہوئے اور کچھ کھلاڑی پوری کوشش کے باوجود تمغہ حاصل نہیں کر سکے۔

اِس سلسلے میں پیش ہے ہمارے نامہ نگار کی ایک رپورٹ۔ V/C Shaurya

ہاکی میں بھارت نے ہرمن پریت سنگھ نے ایک پنالٹی کارنر سے بھارت کو سبقت دلائی۔ اس سے پہلے گریٹ بریٹین سے میچ برابری پر تھا۔ Sreejesh ٹائی بریکر میں ایک ہیرو بن کر اُبھرے۔ بیڈمنٹن کے سیمی فائنل میں لکشیہ سین دفاعی چیمپئن وکٹر ایکسلسین سے سیدھے سیٹوں میں 10-22، 14-21 سے ہار گئے۔ ٹوکیو اولمپکس میں کانسے کا تمغہ حاصل کرنے والی لولینا Borgohain کو بھی 75 کلوگرام کے اپنے کوارٹر فائنل میں شکست سے دوچار ہونا پڑا۔ ایتھلیٹکس میں پارُل چودھری کو 3000 میٹر کی Steeple Chase میں اور Jeswin Aldirin کو لانگ جمپ کے کوالیفکیشن راؤنڈ میں ہار کا سامنا کرنا پڑا۔ نشانے باز وِجے ویر سِدّھو اور Anish Bhanwala مردوں کے 25

میٹر ریپڈ فائر پسٹل فائنل میں ہار گئے اور مہیشوری چوہان اور Raiza Dhillon کو بھی خواتین کے Skeet کوالیفائنگ میں شکست سے دو چار ہوئیں۔ دوسری طرف نوواک جوکووچ نے اسپین کے مشہور کھلاڑی کارلوس الکاراز کو 7-6، 7-6 سے ہراکر اپنا پہلا سونے کا تمغہ حاصل کر لیا۔ اس کے علاوہ مردوں کی 100 میٹر کی دوڑ میں ٹریک اینڈ فیلڈ کے FAN Zhendong نے مردوں کے ٹیبل ٹینس میں سونے کا تمغہ جیتا۔

شوریہ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے شبانہ رحمان

## CRICKET INDIA SRILANKA

مردوں کے کرکٹ میں میزبان سری لنکا نے کل رات کولمبو کے آر۔پریم داسا اسٹیڈیم میں سیریز کے دوسرے میچ میں بھارت کو 32 رن سے ہرا دیا۔ 241 رن کا جیت کا نشانہ حاصل کرتے ہوئے بھارت کی پوری ٹیم 42 اوورس اور دو گیندوں میں 208 رن پر ہی سمٹ گئی۔

کپتان روہت شرما نے 44 گیندوں میں 64 رن بنائے اور Jeffrey Vandersay نے سری لنکا کے چھ وکٹ لیے۔ اِس سے پہلے بلے بازی کا فیصلہ کرتے ہوئے میزبان ٹیم نے مقررہ پچاس اوورس میں 9 وکٹ کے نقصان پر 240 رن بنائے تھے۔ واشنگٹن سندر، بھارت کے بہترین گیند باز رہے جنھوں نے تین وکٹ لیے، جبکہ کُلدیپ یادو نے دو وکٹ لیے۔

اس جیت سے سری لنکا کو تین میچوں کی ایک روزہ بین الاقوامی باہمی سیریز میں ایک صفر کی سبقت حاصل ہوگئی ہے، کیونکہ پہلا میچ برابری پر ختم ہوا تھا۔Jeffrey Vandersay کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔x

## BUDDHA AMARNATH YATRA

جموں و کشمیر میں پنچ ضلعے کی Loran وادی میں شری بابا بُدھ امرناتھ کی دس روزہ یاترا سات اگست سے شروع ہوگی اور 19 اگست کو ختم ہوگی۔ ہمارے جموں کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ شری بابا بُدھ امرناتھ یاترا کا پہلا جتھہ مندر میں درشن کرنے کیلئے چھ اگست کو پنچ ضلعے کے بھگوتی نگر یاتری نواس سے جموں کیلئے روانہ ہوگا۔ پنچ ضلعے کے منڈی علاقے میں شری بدھ امرناتھ مندر میں ہر سال عقیدتمندوں کی بھاری بھیڑ کے امکان کے مدِّنظر سکیورٹی کا خاطر خواہ بندوبست کیا جاتا ہے۔

## IMD WEATHER

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے آج ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ، مغربی بنگال اور سکم کے زیادہ تر حصوں میں بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ کونکن، گوا، مدھیہ مہاراشٹر، مغربی راجستھان اور مشرقی اترپردیش میں اگلے دو روز کے

دوران ہلکی سے اوسط بارش ہونے کا قوی امکان ہے۔

موسمیات سے متعلق ایجنسی نے پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور دلی میں پورے ہفتے دور دور تک اور کہیں کہیں بارش ہونے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔IMD نے کہا ہے کہ اتراکھنڈ میں چھ اور سات اگست کو بہت شدید بارش ہونے کا بھی امکان ہے۔ مشرقی بھارت میں پورے ہفتے گرج چمک اور بجلی کے ساتھ ہلکی بارش ہونے کا بھی امکان ہے۔ اروناچل پردیش میں اس مہینے کی سات تاریخ سے نو تاریخ تک دور دور تک بہت شدید بارش ہونے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔x

**PUNE RAINS**

مہاراشٹر میں پونے شہر میں سیلاب کی صورتحال اب قابو میں ہے کیونکہ ضلع میں بڑے باندھوں سے پانی چھوڑے جانے کے سلسلے میں کمی آگئی ہے اور پچھلے دو روز سے موسلا دھار بارش سے بھی کچھ راحت ملی ہے۔ بڑے چار باندھ جو شہر کو پانی کی سپلائی کرتے ہیں اور متصل کھڑک واسلہ علاقہ شہر کے نزدیک ہی واقع ہیں، لہٰذا باندھ سے اضافی پانی چھوڑے جانے سے فوراً ہی دریا سے متصل کچھ علاقوں میں سیلاب جیسی صورتحال پیدا ہوجاتی ہے۔

انتظامیہ اور NDRF کی مدد کرنے کے لیے کُل سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں 100 اہل کاروں پر مشتمل فوج کا ایک امدادی دستہ تعینات کیا گیا، جو امدادی کشتیوں، Quadcopters اور ضروری امدادی سازوسامان سے لیس ہے۔ وزیراعلیٰ ایک ناتھ شندے آج پونے کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کریں گے۔x

**PUNE ZIKA**

خبر ہے کہ مہاراشٹر کے پونے شہر میں سات اور مریض Zika وائرس سے متاثر پائے گئے ہیں۔ اِن سات نئے مریضوں میں پانچ حاملہ خواتین، 18 سال کا ایک نوجوان اور 40 سال کا ایک شخص شامل ہے، جن کا تعلق شہر کے کاترَج اور کونڈھوا علاقوں سے ہے۔ ضلع کے صحت کے محکمے نے خبر دی ہے کہ پورے پونے شہر میں اب تک 72 افراد Zika وائرس سے متاثر ہوئے ہیں۔

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... کونین حیدر

شکریہ - اسلم بیگ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔ روزنامہ پرتاپ کی ایک سرخی ہے کہ چیف آف ڈیفینس اسٹاف جنرل انل چوہان فورسیز کی مالیاتی کانفرنس کی صدارت کریں گے۔ اخبارات نے مدھیہ پردیش میں شدید بارش سے متعلق خبروں کو پہلے صفحے پر پیش کیا ہے۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا لکھتا ہے "مدھیہ پردیش میں موسلا دھار بارش کے سبب دیوار کے منہدم ہونے سے، 9 بچے جاں بحق، 4 زخمی، بادل پھٹنے سے سری نگر - لیہہ قومی شاہراہ بند"

اخبارات نے مشرق وسطیٰ میں ایران اور اسرائیل کے درمیان جاری کشیدگی سے متعلق خبروں کو بھی پہلے صفحے پر جگہ دی ہے۔ اِس کے علاوہ بنگلہ دیش میں تشدد کے واقعات میں بہت سے لوگوں کے مرنے کی خبریں بھی اخبارات میں ہیں۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا کی بین الاقوامی خبروں کے صفحے کی کچھ خبریں ہیں:

- خالد مشعل ہوں گے، اسماعیل ہنیہ کے جانشین
- لندن میں ڈانس اسکول میں تین لڑکیوں کا قتل
- امریکی محکمہ انصاف نے ٹِک ٹاک کے خلاف ہرجانے کا مقدمہ جاری کیا۔
- اور چین میں مٹی کے تودے کھسکنے سے آٹھ افراد ہلاک اور 19 زخمی

## آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیراعظم نریندر مودی نے ملک میں گیس کی ریکارڈ پیداوار کو سراہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک ترقی یافتہ بھارت کے عزم کو پورا کرنے کیلئے، توانائی کے شعبے میں خود کفالت بہت ضروری ہے۔

2. ہریانہ سرکار سبھی فصلوں کو، کم سے کم امدادی قیمت کے تحت لائے گی۔ اُس نے ایک ارب 33 کروڑ روپے کے، نہر کے پانی سے سینچائی کرنے کے بقایاجات کو معاف کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔

3. صدرجمہوریہ دروپدی مرمو تین ملکوں فجی، نیو زیلینڈ اور تمورلیستے کے دورے پر روانہ ہوگئی ہیں۔

4. بھارت نے اپنے شہریوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ تازہ جھڑپوں کے سبب بنگلہ دیش کا سفر نہ کریں۔

5. نیپال کے وزیراعظم کے پی شرما اولی نے بھارت کے ساتھ رابطوں میں اضافے کیلئے آبی گزرگاہوں اور ریلویز کو توسیع دینے کیلئے کہا ہے۔

6. اور : بھارتی بیڈمنٹن کھلاڑی لکشیہ سین، آج پیرس اولمپکس میں کانسے کے تمغے کیلئے اپنے کھیل کا مظاہرہ کریں گے۔×

اسی کے ساتھ یہ خبرنامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------------